4026 ـ باتھ ٹب میں پیشاب کرنا

سوال

کیا غسل کرتے وقت باتھ ٹب میں پیشاب کرنا حدیث نہی میں شامل ہوتا ہے کہ انسان غسل کرنے والی جگہ پر پیشاب نہ کرے، یا کہ پانی کا نکاس ہونے کی بنا پر یہ اس میں شامل نہیں ہوتا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

نہیں، یہ اس میں داخل نہیں ہوتا، کیونکہ جب وہ پیشاب کریگا تو اس پر پانی بہائےگا تو وہ پیشاب وہاں سے زائل ہو جائیگا، لیکن اسے اس وقت تك غسل نہیں کرنا چاہیے جب تك پانی بہا کر وہاں سے پیشاب دور نہ کر لے.

سوال:

یہ پیشاب دوران غسل کیا جائے تو؟

جواب:

عادتا پیشاب کسی اور جگہ کیا جاتا ہے، لیکن فرض کریں اگر انسان کو غسل کرتے ہوئے پیشاب آ جائے تو وہ غسل کرنا ترك کر دے اور پہلے پیشاب کر کے اس پر پانی بہائے...

واللہ اعلم .